کلکتہ • جمعہ ، ۱۴ / مارچ ۲۰۲۵ء • بمطابق ۱۳ / رمضان ۱۴۴۶ھ •
Friday, 14th March 2025 ● RNI No. WBURD/2014/56804 ●
Pages-12 ● 71 :شمارہ ● 12 :جلد ● KOLKATA ●
E-mail- News: aawaminewskolkata@gmail.com, Advt : kolkataadvt@gmail.com,
Ph. 033-46034477 / 40651166, Fax : 033-4062-8332

Aawami News
Urdu Daily Ranchi-Kolkata-Patna
Website : www.live7tv.com
Group Editor : Aziz Burney
अवामी न्यूज़
روزنامہ
# عوامی نیوز

₹5/- only

کوئی بھی خبر، تصویر، اطلاع، اعلان ہمیں اس واٹس ایپ نمبر پر ارسال کریں
9102122786
شادی، سالگرہ اور بچوں کی سالگرہ کی تصویر ہمیں Email کریں
کوئی بھی مشورہ یا شکایت کیلئے رابطہ کریں
directoraawaminews@gmail.com
بے باک صحافت کا علمبردار





## متعدد ریاستوں میں پیپر لیک، 85 لاکھ طلبہ متاثر، راہل گاندھی کا حکومت پر شدید حملہ



13 /مارچ: کانگریس رہنما راہل گاندھی نے ملک بھر میں مسلسل ہونے والے پیپر لیکس پر شدید ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ 6 ریاستوں میں 85 لاکھ بچوں کا مستقبل خطرے میں ہے۔ انہوں نے اسے نوجوانوں کے لیے سب سے خطرناک 'پدم ویوہ' قرار دیا۔

راہل گاندھی نے اپنے بیان میں کہا، ''پیپر لیک محنتی طلبہ اور ان کے خاندانوں کو غیر یقینی اور دباؤ میں دھکیل دیتا ہے اور ان کی محنت کا صلہ ان سے چھین لیتا ہے۔ یہ آنے والی نسل کو یہ غلط پیغام دیتا ہے کہ بے ایمانی محنت سے بہتر ہو سکتی ہے، جو کہ مکمل طور پر ناقابل قبول ہے۔''

انہوں نے نشاندہی کی کہ ابھی ایک سال بھی نہیں ہوا جب نیٹ کا پیپر لیک ہوا تھا، جس کے خلاف شدید احتجاج کے بعد حکومت نے ایک نیا

(باقی صفحہ 4 پر)

## جب ہولی پر حاجیوں کی حفاظت کیلئے ٹرین روک دی گئی!

13 /مارچ: ہندوستان میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے کئی تاریخی لمحات میں سے ایک 1999 کی ہولی بھی تھی، جب اتر پردیش کے مئو میں حاجیوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے ایک غیر معمولی اقدام اٹھایا گیا۔ پی ٹی آئی کی رپورٹ کے مطابق، اس وقت ریاست کے پولیس سربراہ رہنے والے او پی سنگھ نے اپنی کتاب 'تھرو مائی آئیز: اسکیچز فرام اے کاپس نوٹ بک' میں اس واقعے کا ذکر کیا ہے۔

اس وقت ہولی کا

(باقی صفحہ 4 پر)

## مکہ مکرمہ کے میوزیم میں قرآن مجید کی 14 سو سالہ تاریخ پیش کردی گئی

مکہ مکرمہ، 13 مارچ (یو این آئی) مکہ مکرمہ میں واقع قرآن میوزیم میں قرآن پاک کے نسخوں کی 14 سو سالہ تاریخ کو انٹریکٹیو ویژول ڈسپلے کے مجموعے کے ذریعے سامنے لانے میں کامیابی حاصل ہوئی ہے۔

عرب میڈیا کے مطابق حراء کلچرل ڈسٹرکٹ کے سی ای او ڈاکٹر فواز المعراج نے انٹرویوں میں بتایا ہے کہ اس ڈسپلے کا مقصد زائرین کے لیے اللہ کے کلام قرآن مجید اور اس کی تاریخ کے بارے میں جاننے کا موقع فراہم کرنا

(باقی صفحہ 4 پر)

### اعلان تعطیل

ہولی کی وجہ سے دفتر عوامی نیوز میں جمعہ کے روز 14 /مارچ کو چھٹی رہے گی اور اگلا شمارہ اتوار کے روز شائع ہوگا۔ (ادارہ)

بِصَوْمِ غَدٍ نَوَيْتُ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ
اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ

| رمضان | ختم سحری | مارچ | وقت افطار |
|---|---|---|---|
| 13 | 04 25 | 14 | 05 50 |










# کلٹی : پانی کی قلت دور کرنے کیلئے ایم ایل اے اجئے پوددار کی میئر سے خصوصی ملاقات


آسنسول: 13/مارچ، (عوامی نیوز سروس): کلٹی کے ایم ایل اے ڈاکٹر اجئے پودار آج آسنسول میونسپل کارپوریشن پہنچے اور کلٹی اسمبلی حلقہ میں پانی کے مسئلہ کے حل کے سلسلے میں میئر بیدھان اپادھیائے سے بات کی۔ اس کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کلٹی کے علاقے میں پانی کے مسئلہ کے مستقل حل کے لیے آج اسنسول کارپوریشن آیا ہوں انہوں نے کہا کہ دیشرگڑھ میں کارپوریشن کی طرف سے پانچ بورویل بنائے جارہے ہیں جن میں سے تین کو حوالے کردیا گیا ہے اور باقی دو بھی تعمیر کئے جارہے ہیں ایم ایل اے نے کہا کہ میئر بیدھان اپادھیائے نے یقین دلایا ہے کہ کلٹی علاقے میں پانی کی کوئی کمی نہیں ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیل نے پانی کے مسئلے کے مستقل حل کے لیے مرکز سے 1.5 کروڑ روپے مختص کئے ہیں اس سے براکرندی میں بورویل لگا کر پانی کی کمی کو مستقل طور پر دور کیا جائے گا فی الحال عارضی حل کے طور پر کارپوریشن کی ایک ٹیم کو مقرر کیا گیا تھا اور سیل کے اہلکار بھی وہاں تھے سیل سے درخواست کی گئی تھی کہ وہ CSR فنڈ سے 24 لاکھ روپے دے تا کہ وہاں تین پمپ لگائے جائیں تا کہ فی الحال مسئلہ حل ہو سکے سیل کے علاقے میں پانی کے مسئلے کے مستقل حل کے لیے ڈیڑھ کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں اور ٹینڈر بھی جاری کر دیا گیا ہے اس دوران میئر بیدھان اپادھیائے نے کہا کہ کلٹی کے ایم ایل اے کلٹی علاقے میں پانی کے مسئلہ کو حل کرنے کے لئے آئے تھے اور انہوں نے کچھ تجاویز پیش کیں اور ان پر جلد از جلد کام کیا جائے گا تا کہ پانی کے مسئلہ کا مستقل حل نکالا جاسکے اور لوگوں کو پریشانیوں سے جلد نجات ملے۔




# ہولی کے دوران ہنگامہ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی





آسنسول: 13/مارچ، (عوامی نیوز سروس): شلپنچال میں ہولی کا تہوار پرامن طریقے سے گزرنے کو یقینی بنانے کے لیے مختلف تھانوں کی سطح پر کوآرڈینیشن میٹنگیں منعقد کی جارہی ہیں ہیراپور پولیس اسٹیشن کی جانب سے ہیراپور تھانہ گراؤنڈ میں واقع آڈیٹوریم میں امن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا پولیس حکام نے دیگر برادریوں کے جذبات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہولی منانے پر زور دیا اس میٹنگ میں پولس حکام نے ہولی کے دوران زبردستی رنگ لگانے، چھیڑ چھاڑ کرنے اور ہنگامہ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کا انتباہ دیا، اے سی پی اپسیتا دتہ، سی آئی اشوک سنگھ مہاپاترا، تھانہ انچارج تنمے رائے، ٹریفک گارڈ انچارج پرسین جیت ماجھی اور مختلف وارڈوں کے کونسلر موجود تھے جہانگیری محلّہ تھانے میں منعقدہ امن میٹنگ میں پولیس کے اعلیٰ حکام کے علاوہ مختلف برادریوں کے نامور افراد، بعض سیاسی جماعتوں کے قائدین اور کونسلرز بھی موجود تھے۔ کانگریس کے کونسلر ایس ایم مصطفیٰ نے کہا کہ ہولی کے مقدس تہوار کے ساتھ ساتھ رمضان کا مہینہ بھی چل رہا ہیا اس لیے مسلمانوں کے لیے جمعہ کی نماز بہت اہم ہے آسنسول گنگا جمونی ثقافت کا شہر ہے یہاں تمام لوگ ایک دوسرے کے ساتھ ہم آہنگی سے رہتے ہیں انہوں نے خوشگوار ماحول میں امن وشانتی بھائی چارے کے ساتھ تہوار منانے کی اپیل کی۔









# بیشتر ملکوں کے کرکٹروں کو ملک کیلئے کھیلنے سے زیادہ آئی پی ایل سے رغبت ہے

## آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، افغانستان کے کھلاڑیوں کے لئے آئی پی ایل میں کھیلنا فخر کی بات








دبئی 13 مارچ: اس میں کوئی دورائے نہیں کہ چمپینز ٹرافی 2025 میں انڈیا نے آل ون ریکارڈ بنایا جب بنگلہ دیش، پاکستان اور نیوزی لینڈ کو پہلے مرحلے میں شکست دی پھر سیمی فائنل میں آسٹریلیا اور فائنل میں نیوزی لینڈ کو شکست دے کر چمپینز ٹرافی پر قبضہ کرلیا لیکن اگر صحیح معنوں میں دیکھا جائے تو انڈیا کو صرف پاکستان اور آسٹریلیا کے مقابلے میں صحیح مقابلہ کرنا پڑا کیونکہ پاکستان اور آسٹریلیا کی ٹیمیں بنگلہ دیش، نیوزی لینڈ، افغانستان کی طرح سے میچ فروشی نہیں کرتیں۔ یہ اور بات ہے کہ کھلاڑی کھیل نہ پائے ہوں، جیسے آسٹریلیا نے سخت مقابلہ کے بعد ہار مان لی، لیکن آسٹریلیا کے اسٹار کھلاڑی جیسے پیٹ کمینز مچل اسٹارک، جوس ہیزلووڈ نے چمپینز ٹرافی شروع ہونے سے پہلے اپنی ٹیم سے علاحدگی حاصل کرلی۔ جس میں مارکس اسٹوئنیس، میتھیو ویڈ سبھی الگ رہے تاکہ آئی پی ایل کے لئے خود کو تروتازہ رکھیں۔ حیرت انگیز طور پر یہ کھلاڑی اپنے لک کے لئے کھیلنا نہیں چاہتے کیونکہ انہیں آئی پی ایل میں کھیلنے سے زیادہ دلچسپی ہے اور وہ سبھی اس دوماہی ٹورنامنٹ میں کروڑوں کی آمدنی کرسکتے ہیں جبکہ چمپینز ٹرافی میں کھیلنے کی فیس صرف چندلاکھ ہے۔

آسٹریلیا کی ٹیم یوں تو دنیا کے کرکٹ میں سپر ہے لیکن اس کے کھلاڑی حد درجہ لالچی اور گھٹیا ہیں اور ان سے ایسی امید ہی نہیں کی جاسکتی کہ وہ اپنے ملک کے لئے بھی ویسے ہی وفادار بن کر کھیلیں گے جس طرح سے آئی پی ایل کی ٹیموں کیلئے کھیلتے ہیں چونکہ آئی پی ایل میں ان کھلاڑیوں کو نیلامی میں خریدا جاتا ہے اور بدتر سے بدتر کھلاڑی بھی کم ازکم ایک کروڑ میں فروخت ہوجاتا ہے جبکہ آئی پی ایل کے بیشتر میچ سمجھوتہ شدہ ہوتے ہیں اور کس کو جیتنا ہے اور کس کو ہارنا ہے اس کا فیصلہ بھی جواری کرلیتے ہیں، ماضی میں آئی پی ایل چیف للت مودی یہی کرتے رہے اور کھربوں روپے کا گھوٹالا کر کے امریکہ میں بیٹھے ہیں اب معلوم ہوا کہ ٹرمپ حکومت نے انہیں بائی بائی کہہ دینے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ پی ایم مودی نے 8 سال قبل ایسا دعویٰ کیا تھا کہ تمام بھگوڑوں بشمول للت مودی، نیرو مودی اور وجے مالویہ کو واپس لائیں گے جو ہندستانی بینکوں کو کتھا چونا لگا کر بی جے پی لیڈروں کی مدد سے ملک چھوڑ کر فرار ہونے میں کامیاب ہوئے ہیں جیسے للت مودی کے معاملے میں سشما سوراج اور وسندھرا راجے کا اعتراف جرم بھی حقیقت کی شکل میں موجود ہے تو پھر اس سے کیا بی جے پی لیڈروں کا تو سات خون معاف ہے۔

## آر جے مہوش کی چہل کیساتھ ڈیٹنگ: اداکارہ کا ردعمل آ گیا

آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے فائنل کے دوران بھارتی کرکٹ ٹیم کے اسپنر یوزویندر چہل کی اپنی خاتون دوست آر جے مہوش کے ساتھ میچ کے دوران وائرل ویڈیوز کے بعد ڈیٹنگ کی افواہوں پر اداکارہ کا ردعمل سامنے آ گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دبئی میں آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے فائنل کے دوران بھارتی کرکٹر یوزویندر چہل کو اپنی دوست آر جے مہوش کیساتھ اسٹیڈیم میں میچ دیکھتے ہوئے دیکھا گیا تھا، جس کی تصاویر و ویڈیوز سوشل میڈیا پر خوب وائرل ہوئیں تھی۔ دونوں کی ایک دوسرے کیساتھ قربت کو دیکھ کر میڈیا آؤٹ لیٹس نے ڈیٹنگ کی خبروں سے متعلق آگاہ کیا تھا۔ تاہم انسٹاگرام اسٹوری پر آر جے مہوش نے افواہوں کو بیہیادا اور مضحکہ خیز قرار دیا۔ انہوں نے لکھا کہ میری اور چہل کی دوستی کو غلط رنگ دینے کی کوشش کی جارہی ہے، کچھ قیاس آرائیاں انٹرنیٹ پر گردش کررہی ہیں، اگر آپ کو مخالف جنس کے کسی فرد کے ساتھ دیکھا جاتا ہے، تو کیا اس کا مطلب ہے کہ آپ ان سے ڈیٹنگ کررہے ہیں؟۔ آر جے مہوش نے کہا کہ میں دوتین روز سے صبر کا دامن تھام کر بیٹھی تھی کہ معاملہ ٹھنڈا ہوجائے گا لیکن پی آر کمپنیوں کو اپنا نام استعمال کرنے کی اجازت نہیں دوں گی۔ دوسری جانب یوزویندر چہل اور آر مہوش کے درمیان ڈیٹنگ کی خبروں کے بعد انکے انسٹاگرام فالوورز کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ یہ پہلا موقع نہیں کہ ریڈیو جوکی معروف آر جے مہوش اور اسپنر یوزویندر چہل کو ایک ساتھ دیکھا گیا ہو، اس سے قبل چہل اور انکی اہلیہ دھناشری ورما کے درمیان طلاق کی خبروں کے بیچ کرکٹر کرسمس مناتے دیکھائی دیے تھے۔





## ٹیم انڈیا کی نمائندگی کو مقصد بنائیں، آئی پی ایل محض وقت گزاری ہے: پنت

کولکاتا، 13/مارچ: ٹی-20 کرکٹ سے ٹیم انڈیا کے وکٹ کیپر بن جانے والے وکٹ کیپر بلے باز رشبھ پنت کا خیال ہے کہ آئی پی ایل میں پرکشش پیشکش پر کھیلنا اچھی ضرور ہے لیکن کرکٹروں کو ہمیشہ اس کا خیال رکھنا ہوگا کہ ان کے لئے اپنے ملک کے لئے کھیلنا سب سے اہم اور بڑی بات ہے اور جو کھلاڑی اپنے ملک کے لئے کھیلتے ہوئے اپنی ناموری کا ثبوت پیش کرتا ہے اور اپنے کھیل سے شیدائیوں کو مطمئن کرتا ہے اس کے لئے ملک کے لئے کھیلتے ہوئے نام ونمود کمانا بڑی بات ہے اور جہاں تک آئی پی ایل کی بات کریں تو یہ پرکشش ٹورنامنٹ ہے اور اس میں کھیلتے ہوئے کوئی کھلاڑی کامیاب ہوتا ہے اور اپنے فرنچائز اور اپنے شیدائیوں کو مطمئن کرتا ہے تو پھر یہاسی کے لئے اطمینان بخش بات ہے۔ رشبھ پنت جو کہ چمپینز ٹرافی 2025 میں ٹیم کا حصہ رہا لیکن اسے ایک بھی میچ میں کھیلنے کا موقع نہیں دیا گیا کیونکہ انڈین ٹیم میں کے ایل راہل وکٹ کیپر اور بلے باز کے طور پر کامیاب رہے اور روہت شرماون ڈے ورلڈکپ کے بعد چمپینز ٹرافی اٹھانے کے بعد حقدار بن گئے رشبھ پنت جس نے 2017 سے انٹرنیشنل کیریئر کا آغاز کیا اس نے کہا کہ بچپن سے ہی میں ایک ہی خواب دیکھتا رہا تھا کہ انڈیا کے لئے کھیلوں۔ میں نے کبھی زندگی میں آئی پی ایل کھیلنے کے بارے میں سوچا تک نہیں تھا۔ میں اس وقت یہ محسوس کررہا ہوں کہ لوگوں کی توجہ اب مکمل طور پر آئی پی ایل کی طرف مڑ چکی ہے، بیشک آئی پی ایل کرکٹروں کے لئے ایک بڑا پلیٹ فارم ہے اور نوجوان کرکٹرز اس ٹورنامنٹ میں اپنی قسمت آزمائی کرکے اپنے کیریئر کو تابناک اور مستقل بنا سکتے ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ جو کرکٹر اپنے دل میں یہ ٹھان لے کہ اسے اپنی منزل ٹیم انڈیا کے لئے کھیلنا ہے اور اپنی منزل پر پہنچنا ہے تو اس مقام پر پہنچ کر جب اسے ٹیم انڈیا کے لئے کھیلنے کا موقع ملتا ہے تو پھر اس سے بڑھ کر اور دوسری کوئی بات نہیں ہوسکتی۔ پنت نے کہا اگر کوئی اپنے دل میں یہ ٹھان لے کہ اسے ٹیم انڈیا کا حصہ بنتا ہے تو پھر اسے اس منزل تک پہنچنے میں کوئی دشواری پیش نہیں آئے گی اور وہ کسی بھی حالت میں اپنی منزل تک ضرور پہنچے گا۔ ایک ہاتھ سے چھکا مارنے کی عادت کو اس نے کہا میرے لئے ایک ہاتھ سے چھکا مارنا اس لئے آسان ہے کہ میں اپنے ہاتھ کے نچلے حصے کو بالکل ہلکا رکھتا ہوں اور اس سے مجھے کوئی بھی پریشانی نہیں ہوتی ہے۔




## پریجا سری دھرن: دہلی ہاف میراتھن میں سب سے تیز رفتار ہندوستانی خاتون اسپرنٹر

نئی دہلی، 13 مارچ (یو این آئی) ہندوستانی کھیل نے ہزار سالہ آغاز کے بعد سے عالمی سطح پر چمکنے والی خواتین کھلاڑیوں کی تعداد میں بڑے پیمانے پر اضافہ دیکھا ہے۔ ہندوستانی خواتین کھلاڑیوں کے لیے فخر کا پہلا لمحہ سڈنی 2000 میں آیا جب لیجنڈری کرنم ملیشوری نے کانسہ کا تمغہ جیتا تھا، جس سے وہ اولمپک تمغہ جیتنے والی پہلی ہندوستانی ویٹ لفٹر بن گئیں۔ ایک ایسے ملک میں جہاں کھیلوں میں اکثر مردوں کا غلبہ رہا ہے، ان اولمپک ستاروں نے عام لوگوں کو چیلنج کرنے اور ہندوستانی خواتین کھلاڑیوں کے لیے راہ ہموار کرنے کا انتخاب کیا۔

کئی ہندوستانی خواتین کے ٹریک اینڈ فیلڈ ایتھلیٹس نے بھی متاثر کرنا شروع کردیا ہے جنہوں نے ملک اور بیرون ملک مقابلوں میں اپنی شاندار شناخت بنالی ہے اور عالمی اسٹیج پر اپنی صلاحیتوں کو ثابت کرنے کے لیے ہمیشہ کوشاں رہتی ہیں۔ اگرچہ کچھ خواتین نے ابھی تک بین الاقوامی سطح پر تاریخی بلندیوں کو عبور نہیں کیا ہے، لیکن ان کی مہارت اور بتدریج ترقی ہندوستان میں کھیلوں میں خواتین کے مستقبل کے لیے اچھی ہے۔

پریجا سری دھرن ایک ہندوستانی لمبی دوری کی دوڑنے والی ہندستانی ایتھلیٹ ہیں۔ ان کے پاس دس ہزار میٹر اور پانچ ہزار میٹر دونوں شعبوں میں قومی ریکارڈ ہیں، جوانہوں نے 2010 کے گوانگزو ایشین گیمز میں سونے اور چاندی کے تمغوں کے راستے میں قائم کیے تھے۔ پریجا سری دھرن کی پیدائش 13 مارچ 1982 کو پریجا کیرالہ کے اڈوکی میں سری دھرن اور ریمانی کے ہاں ملاکنم، اڈوکی، کیرالہ میں ہوئی۔ ان کا تعلق ایک متوسط طبقے کے خاندان سے تھا۔ ان کے والد دستی مزدور تھے اور جب وہ 8 برس کی تھیں تب ان کا انتقال ہوگیا۔ ان کا ایک بڑا بھائی پردیپ اور ایک بڑی بہن پریتھی ہے۔ ان کے والد کے انتقال کے بعد ان کے بھائی کو گھریلو اخراجات کو پورا کرنے کے لیے چھٹی جماعت میں اسکول چھوڑ کر نوکری کرنا پڑی۔ سری دھرن نے الفونسا کالج، پالا سے گریجویشن مکمل کیا۔

سال 2006 کے ایشیائی کھیلوں میں، سریدھرن پانچ ہزار اور دس ہزار میٹر دونوں میں پانچویں نمبر پر رہیں۔ عمان میں 2007 کی ایشیائی چیمپئن شپ میں انہوں نے دونوں مقابلوں میں چاندی کے تمغے جیتے۔ انہوں نے کھیلوں کے لیے بی کوالیفائنگ مارک حاصل کرنے کے بعد جون 2008 میں بیجنگ اولمپکس کے لیے کوالیفائی کیا اور پھر اولمپک دس ہزار میٹر میں پچیسویں نمبر پر رہیں۔

سریدھرن نے 2010 کے گوانگزو ایشین گیمز میں سونے کا تمغہ جیتنے کے راستے میں دس ہزار میٹر میں 31:50:28 منٹ کی اپنی ذاتی بہترین کارکردگی حاصل کی۔ انہوں نے کارکردگی کے ساتھ ہندوستانی قومی ریکارڈ بھی توڑ دیا۔ سریدھرن نے ایونٹ میں پانچ ہزار میٹر میں چاندی کا تمغہ 15: 15.89 منٹ کے وقت کے بھی جیتا۔ انہوں نے 5000 میٹر میں قومی ریکارڈ بھی بہتر کیا۔




وہ اولمپکس میں دس ہزار میٹر میں ہندوستان کی نمائندگی کرنے والی ہندوستانی کھلاڑی ہیں۔ انہوں نے کھیلوں کے لیے بی کوالیفائنگ مارک حاصل کرنے کے بعد جون 2008 میں بیجنگ اولمپکس کے لیے کوالیفائی کیا اور پھر اولمپک میں دس ہزار میٹر میں پچیسویں نمبر پر رہی۔ انہوں نے گوانگزو ایشین گیمز 2010 میں 10,000 میٹر ایونٹ میں سونے کا تمغہ اور 5000 میٹر میں چاندی کا تمغہ جیتا۔ عمان میں 2007 کی ایشیائی چیمپئن شپ میں، اس نے 10,000 میٹر اور 5000 میٹر میں چاندی کا تمغہ جیتا۔ 10, ہزار میٹر کے لیے ان کی ذاتی بہترین کارکردگی گوانگزو ایشین گیمز میں 31:50:28 منٹ ہے۔ یہ موجودہ ہندوستانی قومی ریکارڈ ہے۔ پانچ ہزار میٹر کے لیے ان کی ذاتی بہترین کارکردگی گوانگزو ایشین گیمز میں 15:15 منٹ ہے۔ یہ موجودہ ہندوستانی قومی ریکارڈ ہے۔

سری دھرن کو سال 2007 میں اس وقت بڑی کامیابی ملی جب انہوں نے ایشین ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں دونوں شعبوں میں چاندی کا تمغہ جیتا۔ انہوں نے 2010 کے ایشیائی کھیلوں میں دس ہزار اور پانچ ہزار میٹر دونوں میں اپنی ذاتی بہترین کارکردگی اور ہندوستانی قومی ریکارڈ کو بہتر بنایا۔ انہوں نے دس ہزار میٹر میں سونے اور پانچ ہزار میٹر میں چاندی کا تمغہ جیتا۔

سریدھرن کو سال 2010 کا منورمانیوز میکر منتخب کیا گیا۔ انتخاب عوام سے آن لائن ایس ایم ایس ووٹنگ کے ذریعے کیا گیا تھا۔ پریجا کے ساتھ بکر پرائز جیتنے والی اروندھتی رائے، نجنپیڈم جیتنے والے اور مشہور ملیالم شاعر او این وی کروپ اور مشہور سیاست دان اور وزیر خزانہ کے ایم منی فائنلسٹ تھے۔ سریدھرن 2014 کی دہلی ہاف میراتھن میں سب سے تیز رفتار ہندوستانی خاتون تھیں۔ انہوں نے 2014 کے ایشیائی کھیلوں میں بھی حصہ لیا، لیکن کوئی تمغہ جیتنے میں ناکام رہیں۔ پریجا سری دھرن نے ڈاکٹر دیپک گوپی ناتھ سے 11 نومبر 2012 کو پالکڈ، کیرالہ میں شادی کی۔ پریجا سریدھرن کو جنوبی ریلوے نے سپرنٹنڈنٹ کے طور پر ملازمت بھی ملی۔ انہوں نے فروری 2015 میں بین الاقوامی سرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا۔ سال 2010 کے ایشیائی کھیلوں میں شاندار کارکردگی کے لئے، سریدھرن کو 2011 میں حکومت ہند کی طرف سے ارجن ایوارڈ سے نوازا گیا۔ انہیں سال 2001 میں کیرالہ ریاست کی جانب سے جی وی راجہ ایوارڈ سے نوازا گیا۔ سال 2011 ریاست کیرالہ کی طرف سے انہیں منورمانیوز میکر آف دی ایئر کے خطاب سے نوازا گیا۔ سال 2012 میں جمی گورج ایوارڈ سے نوازا گیا۔

سریدھرن نے فروری 2015 میں بین الاقوامی مقابلوں سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ 2015 کی نیشنل ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں انہوں نے آخری مقابلے میں حصہ لیا۔ یہ فیصلہ خاندانی زندگی پر توجہ مرکوز کرنے کے لیے کیا گیا تھا وہ اولمپکس میں 10000 میٹر میں ہندوستان کی نمائندگی کرنے والی ہندوستانی کھلاڑی ہیں۔ انہوں نے کھیلوں کے لیے بی کوالیفائنگ مارک حاصل کرنے کے بعد جون 2008 میں بیجنگ اولمپکس کے لیے کوالیفائی کیا اور پھر اولمپک 10,000 میٹر میں پچیسویں نمبر پر رہی۔ انہوں نے گوانگزو ایشین گیمز 2010 میں 10,000 میٹر ایونٹ میں سونے کا تمغہ اور 5000 میٹر میں چاندی کا تمغہ جیتا۔ اس کے پاس 18.10.2020 تک 5000 اور 10,000 میٹر دونوں کا ہندوستانی قومی ریکارڈ ہے۔ عمان میں 2007 کی ایشیائی چیمپئن شپ میں، اس نے 10,000 میٹر اور 5000 میٹر میں چاندی کا تمغہ جیتا۔ 10, 000 میٹر کے لیے اس کی ذاتی بہترین کارکردگی گوانگزو ایشین گیمز میں 31:50:28 منٹ ہے۔ یہ موجودہ ہندوستانی قومی ریکارڈ ہے۔ 5000 میٹر کے لیے ان کی ذاتی بہترین کارکردگی گوانگزو ایشین گیمز میں 15:15 منٹ ہے۔ یہ موجودہ ہندوستانی قومی ریکارڈ ہے۔

بیجنگ اولمپکس 2008 . میں دس ہزار میٹر میں شرکت کی۔ ایشین گیمز 2010 - گوانگواؤ میں دس ہزار میٹر میں گولڈ میڈل جیتا۔ ایشین گیمز - گوانگواؤ 2010 میں پانچ ہزار میٹر میں سلور میڈل حاصل کیا۔ ایشین ایتھلیٹکس چیمپئن شپ .2007 میں دس ہزار میٹر میں سلور خطاب حاصل کیا۔ ایشین ایتھلیٹک چیمپئن شپ 2007 میں پانچ ہزار میٹر کے مقابلے میں سلور میڈل حاصل کیا۔ دوسرا ایشین انڈور گیمز مکاؤ 2007 میں جس کا انعقاد ہوا تھا، تین ہزار میٹر میں سلور میڈل جیتا۔ تیسری ایشیائی انڈور چیمپئن شپ جو 2008 میں دوحہ میں منعقد ہوئی تھی، تین ہزار میٹر میں گولڈ میڈل جیتا۔

دسویں ساؤتھ ایشین گیمز کولمبو جو 2006 میں منعقد ہوئے تھے، دس ہزار میٹر میں گولڈ میڈل جیتا۔ 19 ویں ایشین ایتھلیٹک چیمپئن شپ جو کوبائی میں 2011 کے دور میں منعقد ہوئی تھی، دس ہزار میٹر میں کانسہ کا تمغہ حاصل کیا۔ 9 ویں نیشنل ایتھلیٹک چیمپئن شپ تھریسور 2001 میں پانچ ہزار میٹر میں گولڈ میڈل، 10 ویں قومی ایتھلیٹک چیمپئن شپ - چنڈی گڑھ .2002 میں منعقد ہوا اس میں ڈھائی ہزار میٹر میں گولڈ میڈل، 10 ویں قومی ایتھلیٹک چیمپئن شپ - چنڈی گڑھ 2002 میں ڈھائی میٹر میں سلور میڈل، 37 ویں نیشنل کراس کنٹری چیمپئن شپ گوا 4 کلومیٹر گولڈ میڈل ساتواں فیڈریشن کپ کراس کنٹری 2002.8 کلومیٹر کانسی کا تمغہ جیتا۔ اس کے علاوہ تمغوں کی ایک طویل فہرست بھی ہے۔

Aawami news Kolkata
Also published from Ranchi & Patna
Friday, 14th March, 2025

روزنامہ عوامی نیوز کولکاتا
جمعہ ، ۱۴ / مارچ ۲۰۲۵ء

SPORTS کھیل کی دنیا

# پاکستانی کرکٹرس کی 'دی ہنڈریڈ ڈرافٹ' میں ہوئی فضیحت، 45 میں سے ایک بھی کھلاڑی کا نہیں ہوا انتخاب

13/مارچ: حالیہ دنوں میں پاکستانی کرکٹ ٹیم کے لیے کچھ بھی اچھا ہوتا ہوا نظر نہیں آرہا ہے۔ چمپئنز ٹرافی 2025 کی میزبانی کرنے والی پاکستانی ٹیم لیگ اسٹیج سے ہی ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئی۔ اسی درمیان انگلینڈ سے بھی پاکستانی کرکٹروں کے لیے ایک بری خبر نکل کر سامنے آرہی ہے۔ دراصل انگلش لیگ 'دی ہنڈریڈ' کا ڈرافٹ مکمل ہوگیا ہے، لیکن اس لیگ میں کسی بھی پاکستانی کھلاڑی کا انتخاب نہیں ہو پایا ہے۔ دی ہنڈریڈ 2025 سیزن کے لیے مجموعی طور پر 45 مینس پاکستانی کرکٹرس نے اپنا رجسٹریشن کرایا تھا، لیکن ایک بھی ٹیم نے ان پر داؤ نہیں لگایا۔ یہی نہیں دی ہنڈریڈ کے ڈرافٹ میں شامل 5 خواتین کرکٹرس کو بھی کوئی خریدار نہیں ملا ہے۔ دی ہنڈریڈ 2025 سیزن کے لیے کسی بھی پاکستانی کھلاڑی کو خریدار نہ ملنا کچھ حد تک حیران کن فیصلہ معلوم ہورہا ہے۔ حالانکہ گزشتہ سیزن میں کچھ پاکستانی کھلاڑیوں نے دی ہنڈریڈ میں بہترین کھیل کا مظاہرہ کیا تھا۔ ان میں اسامہ میر، حارث رؤف، عماد وسیم اور شاہین آفریدی جیسے کھلاڑی شامل تھے۔ گزشتہ سیزن میں دی ہنڈریڈ کا حصہ رہنے والے کھلاڑیوں کے علاوہ بھی پاکستان کے کچھ معروف کرکٹرس نے 2025 سیزن کے لیے اپنا نام دیا تھا، ان میں نسیم شاہ، شاداب خان، حسن علی، شان مسعود، صائم ایوب جیسے کھلاڑی شامل تھے۔ واضح ہو کہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان سب کچھ ٹھیک نہیں چل رہا ہے جس کا اثر کرکٹ پر بھی ہوتا نظر آرہا ہے۔ حالیہ اختتام پذیر چمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کی میزبانی بھلے ہی پاکستان نے کی ہو لیکن ہندوستان نے اپنے تمام میچ بشمول سیمی فائنل اور فائنل کے ہائبرڈ ماڈل کے تحت دبئی میں کھیلا۔ دی ہنڈریڈ میں پاکستانی کھلاڑیوں کے فروخت نہ ہونے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اس بار دی ہنڈریڈ میں ایک بدلاؤ دیکھنے کو ملا ہے۔ دراصل انگلینڈ اور ویلس کرکٹ بورڈ (ای سی بی) نے فرنچائزز میں بیرونی سرمایہ کاری کو دعوت دی اور اب آٹھ میں سے 4 فرنچائزز پر آئی پی ایل ٹیموں کا مالکانہ حق ہے۔ ایسے میں بڑا سوال یہ ہے کہ کیا آئی پی ایل فرنچائزز کی وجہ سے پاکستانی کھلاڑیوں کو خریدار نہیں مل پایا؟ اس سے زیادہ حیرانی والی بات یہ ہے کہ بقیہ 4 فرنچائزز کے مالکان نے بھی پاکستانی کھلاڑیوں کو خریدنے میں کوئی دلچسپی نہیں دکھائی۔ قابل ذکر ہے کہ ساؤتھ افریقہ کی ایس اے 20 لیگ کی تمام 6 ٹیموں کا مالکانہ حق بھی آئی پی ایل فرنچائزز کے ہی پاس ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اب تک کسی بھی پاکستانی کھلاڑی کو اس لیگ میں جگہ نہیں ملی ہے۔ دی ہنڈریڈ میں آئی پی ایل کی سرمایہ کاری کے بعد یہ خدشہ ظاہر کیا جارہا تھا کہ پاکستانی کھلاڑیوں پر 'سافٹ بین' لگایا جاسکتا ہے۔ حالانکہ ای سی بی چیئرمین رچرڈ گولڈ نے گزشتہ ماہ واضح کر دیا تھا کہ پاکستانی کھلاڑیوں کی شرکت متاثر نہیں ہوگی۔ لیکن ڈرافٹ کے بعد اب پاکستانی فینز اس پر سوال اٹھا رہے ہیں۔ واضح ہو کہ 2008 میں آئی پی ایل کے پہلے سیزن میں پاکستانی کھلاڑیوں نے حصہ لیا تھا، اسی سال ممبئی میں ہوئے دہشت گردانہ حملوں کے بعد سے پاکستانی کھلاڑیوں کو آئی پی ایل میں کھیلنے پر پابندی لگا دی گئی۔





## مچل مارش ایل ایس جی کی جانب سے بطور بلے باز کھیلیں گے

لکھنؤ، 13 مارچ (یو این آئی) آسٹریلیائی ٹی 20 ٹیم کے کپتان مچل مارش انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) 2025 میں لکھنؤ سپر جائنٹس (ایل ایس جی) کے بلے باز کے طور پر کھیلیں گے۔ ماہرین کے مشورے سے اس مسئلے سے صحت یاب ہونے کے بعد انہوں نے گزشتہ چند ہفتوں سے بیٹنگ کی پریکٹس شروع کر دی ہے اور انہیں آئی پی ایل میں صرف بلے باز کے طور پر کھیلنے کی اجازت دی گئی ہے۔ مارش کو ایل ایس جی نے گزشتہ سال نیلامی میں 3.40 کروڑ روپے میں خریدا تھا۔










Published and Printed by Prem Shankar for AAWAMI NEWS, 30, Chittaranjan Avenue, 4th Floor, Kolkata - 700012 Printed at Saraswati Print Factory Pvt. Ltd. - 789, Chowbhaga West, Near Chaina Mandir, Kolkata- 700105, Editor-Prem Shankar, News Editor : Khurshid Akhter Farazi, - RNI No. WBURD/2014/56804
پرنٹر و پبلیشر شری پریم کے ذریعہ 30/ چترنجن ایونیو، چوتھی منزل، کولکاتا۔ 12، سرسوتی پرنٹ فیکٹری پرائیوٹ لمیٹیڈ۔ 789، چوبھاگا ویسٹ نزد: چائنا مندر، کولکاتہ۔ 105 سے شائع ۔ ایڈیٹر: پریم شنکر ، نیوز ایڈیٹر: خورشید اختر فرازی ۔ (پی آر بی ایکٹ کے تحت خبروں کے انتخاب کے لئے جوابدہ) RNI WBURD/2014/56804